# الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

## پریس ریلیز

مورخہ 12 ستمبر 2017ء

**حلقہ این اے 120 میں بائیو میٹرک مشینوں کے تجربے کے لئے تعینات پولنگ سٹاف کی تربیت کا اہتمام**

آج دفتر صوبائی الیکشن کمشنر، پنجاب، لاہور میں حلقہ این اے 120 میں آزمائشی طور پر استعمال ہونے والی بائیو میٹرک مشینوں کے لئے تعینات پولنگ اسٹاف کی تربیت کا اہتمام کیا گیا جس میں الیکشن کمیشن اسلام آباد کے آئی ٹی افسران نے بائیو میٹرک مشینوں کے استعمال کے حوالے سے پولنگ عملے کو تربیت دی۔ اس ضمنی انتخاب میں 220 میں سے 39 پولنگ اسٹیشنز پر 100 بائیو میٹرک مشینیں استعمال کی جائیں گی جن کے لئے الگ سے تجربہ کار پولنگ اسٹاف تعینات کیا گیا ہے اس ایک روزہ تربیتی ورکشاپ میں پولنگ عملے کو بائیو میٹرک مشینوں کی تربیت دی گئی۔ اس پولنگ عملے کا کام ووٹرز کو بائیو میٹرک مشین کے استعمال کے حوالے سے آگاہی دینا ہے اور ووٹر کے لئے مشین کے استعمال کو کارآمد اور آسان بنانا ہے۔ تربیت میں پولنگ اسٹاف کو تفصیلی بریفنگ بھی دی گئی اور بین الاقوامی معیار کو بھی ملحوظ رکھا گیا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆